متحدہ قومی موومنٹ کے حمایت یافتہ کشمیری نمائندوں کی کامیابی کشمیریوں کی تقدیر بدل سکتی ہے

منظر امام، سیف الدین خالد، زاہد خان، اسد میر، محمد علی کلمتی، تحسیم الحق خرم اور دیگر مقررین کا الیکشن آفسز کے افتتاحی تقریب سے خطاب

کراچی۔۔۔7، جون 2011ء

آزاد کشمیر میں قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں ایم کیو ایم کشمیر کمیٹی کے تحت یوسی 3 حنیف آباد، یوسی 4 فیض عام کالونی اورنگی ٹاؤن، یوسی 1 پاپوش نگر ناظم آباد ٹاؤن میں الیکشن آفسز کا فتتاح کیا گیا۔ الیکشن آفسز کے سلسلے میں متعلقہ علاقوں میں عوامی اجتماعات منعقد کیے گئے جس میں کشمیری عمائدین، کشمیری عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورحق پرست نمائندوں کو اپنی مکمل حمایت کا یقین دلایا۔ اجتماعات میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی منظر امام، سیف الدین خالد، مرکزی الیکشن سیل کے ارکان زاہد خان، اسد میر، محمد علی کلمتی، تحسیم الحق خرم اور دیگر نے بھی خصوصی شرکت کر کے شرکاء سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفے کی روشنی میں کشمیر کا مسئلہ کشمیریوں کی خواہشات اورامنگوں کے مطابق ہی حل ہوگا، کشمیر میں جاگیرداروں، وڈیروں اور سرداروں کا نظام اب زیادہ دیر نہیں چلے گا اور کشمیری عوام مل کر استحصالی نظام کو شکست دیں گے۔ مقررین نے کہا کہ غریب ومتوسط طبقے کی قیادت ہی کشمیریوں کے مسائل حل کرسکتی ہے اور متحدہ قومی موومنٹ کے حمایت یافتہ کشمیری نمائندوں کی کامیابی کشمیریوں کی تقدیر بدل سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ہی کشمیریوں کی آخری امنگ اور نجات دہندہ ہیں، کشمیری عوام ایم کیو ایم کے نامزد امیدواروں کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرائیں۔ اس موقع پر معروف کشمیری رہنماء شفقت گلزار نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ دریں اثناء مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے سینئر نائب صدر میاں ذوالفقار بٹ نے منگل کے روز متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تفصیلی دورہ کیا اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف سے ملاقات کی۔ اس موقع پر میاں ذوالفقار بٹ نے کہا کہ وہ پہلی مرتبہ ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو آئے ہیں اور فخر محسوس کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر میں زلزلے سے متاثرہ کشمیریوں کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کی بے لوث خدمات کی تعریف کی۔ بعدازاں انہوں نے انہوں نے ایم کیو ایم کے مختلف ونگز اور شعبہ جات کا دورہ کیا اور تنظیمی کاموں کو بغور جائزہ لیا۔ اس موقع پر سوشل فورم کے ذمہ داران بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆